# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

اسلام آباد!          مورخہ۔26 جولائی 2021

حلقہ PP-38 میں ضمنی انتخاب 28 جولائی کو ہوگا۔اس انتخابی عمل کو صاف، شفاف پرامن اور قانون کے مطابق منعقد کرانے کے حوالے سے الیکشن کمیشن نے تمام انتظامات مکمل کرلیے ہیں۔ پولنگ کے دن سکیورٹی کے لیے پولیس کے ساتھ ساتھ پاکستان رینجرز کے اہلکاران پریذائیڈنگ افسران کے ساتھ ساتھ ریٹرننگ افسر کے دفتر سے انتخابی سامان کی وصولی اور انتخابی عمل کے مکمل ہونے تک ہمراہ رہیں گے۔ حلقے میں قائم تمام 165 پولنگ اسٹیشنز پر سکیورٹی کے خاطرخواہ انتظامات کیے گئے ہیں۔

پریذائیڈنگ افسران کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں کہ وہ پولنگ کے دن اور فارم 45 کی تصویر کھینچتے وقت موبائل پر اپنی لوکیشن آن رکھیں گے مزید وہ پولنگ ایجنٹس کے سامنے فارم 45 کی تصویر لیں گے اور فوراً ریٹرننگ افسر کو وائٹس ایپ پر پولنگ ایجنٹس کی موجودگی میں بھیجیں گے۔ انٹرنیٹ کی سہولت نہ ہونے کی صورت میں پریذائیڈنگ افسر فوراً ریٹرننگ افسر کے دفتر پہنچ کر فارم 45 کی اصل کاپی ریٹرننگ افسر کے حوالے کریں گے ہر پریذائیڈنگ افسر فارم 45 کی اوریجنل کاپی بمع Snapshot بشمول Forensic details ریٹرننگ افسر کو دکھائے گا جس میں وقت اور لوکیشن معلوم ہو۔ ریٹرننگ افسر تصویر اور لوکیشن کی تفصیلات کا جائزہ لے گا اور پریذائیڈنگ افسر کے موبائل پر موجود لوکیشن اور وقت کی تفصیلات کی تصویر اپنے موبائل میں حاصل کرے گا اور ان فرانزک تفصیلات کو اپنے آفس میں کمپیوٹر میں محفوظ کرے گا۔ <u>ہرامیدوار اپنے پولنگ ایجنٹس کی تربیت کو یقینی بنائے اور آگاہ کرے کہ کوئی بھی پولنگ ایجنٹ پریذائیڈنگ افسر کا دستخط شدہ فارم 45 وصول کیے بغیر پولنگ اسٹیشن نہ چھوڑے۔ ہر پریذائیڈنگ افسر متعلقہ پولنگ ایجنٹس کو فارم 45 کی دستخط شدہ کاپی پولنگ اسٹیشن پر ہی مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔</u>

کروناوائرس کے حالیہ پھیلاؤ میں اضافے کے پیش نظر انتخابی میٹریل پریذائیڈنگ افسران کے حوالے کرتے وقت' پولنگ کے دن ووٹنگ کے عمل کے دوران ریٹرننگ افسر کے دفتر میں نتائج وصولی کے وقت سماجی فاصلے کو برقرار رکھنے اور دیگر SOPs پر عمل کرنے کے حوالے سے ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔تاہم اس سلسلے میں اس بات کی ہدایات بھی جاری کی گئیں ہیں کہ SOPs پر عمل درآمد کے دوران ووٹنگ کے عمل میں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے اور کوئی بھی اہل ووٹر اپنے حق رائے دہی استعمال کرنے سے محروم نہ رہے۔ اگر کسی ووٹر کے پاس ماسک موجود نہ ہوتو الیکشن کمیشن کا عملہ اور ضلعی انتظامیہ ماسک فراہم کرے گی۔

(جاری ہے)

ریٹرننگ افسر کے دفتر میں خصوصی کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے جو پولنگ کے عمل شروع ہونے سے ابتدائی نتائج کے مرتب ہونے تک کام کرتا رہے گا اس کنٹرول روم میں ریٹرننگ افسر کے علاوہ متعلقہ ڈپٹی کمشنر، پولیس اور رینجرز کے حکام یا ان کے نمائندگان موجود رہیں گے تا کہ کسی بھی غیر معمولی صورتحال سے نمٹنے کے لیے بروقت اقدامات کیے جاسکیں۔ علاوہ ازیں الیکشن کمیشن نے الیکشن کے دن کسی بھی نوعیت کی شکایت کو نمٹانے کے حوالے سے سنٹرل اور صوبائی سطح پر الگ الگ کنٹرول روم قائم کر دیئے ہیں جو پولنگ کے دن صبح 7:00 بجے سے ابتدائی نتیجہ مرتب ہونے تک بلاتعطل کام کرتے رہیں گے۔ جن کے نمبرز اور ای میل ایڈریس درج ذیل ہیں۔

سنٹرل کنٹرول روم اسلام آباد
۱۔ فون نمبر 051-9204402-03
۲۔ فیکس نمبر 051-9204404
۳۔ ای میل ایڈریس complaintcell.ecp@gmail.com

صوبائی کنٹرول روم پنجاب لاہور
۱۔ فون نمبر 042-99212620 -- 042- 99212209
۲۔ فیکس نمبر 042- 99211020
۳۔ ای میل ایڈریس pecpunjabcontrolroom@gmail.com

کنٹرول روم DRO/RO
۱۔ فون نمبر 052-4566072 ، -- 0345-5200789
0333-6057522 052-3310566 0331-5147775

۲۔ ای میل ایڈریس ro.pp38sialkot@gmail.com

الیکشن کمیشن اس بات کی توقع کرتا ہے کہ حلقہ کے ووٹر اپنا حق رائے دہی پرامن انداز میں COVID-19 کے SOPs کا خیال رکھتے ہوئے استعمال کریں گے اور اس حوالے سے الیکشن کمیشن کی جانب سے تعینات کردہ اہلکاران سے بھرپور تعاون کریں گے۔

---